उत्तर प्रदेश उर्दू अकादमी

(उ०प्र० सरकार)

اترپردیش اردو اکادمی

(حکومتِ اُترپردیش)

पत्रांक UA/524(i)/2023

दिनांक 10/07/2023

اترپردیش اردو اکادمی کو اردو پڑھنے والے درجہ ۶ تا ۱۲ کے طلباء وطالبات سے وظائف کے لیے درخواستیں مطلوب

فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ ۳۱ راگست، ۲۰۲۳ء

لکھنؤ: / ،

اترپردیش اردو اکادمی نے ریاست کے تسلیم شدہ اسکولوں اور کالجوں میں ریگولر طلباء وطالبات کے لئے جو اردو ایک اختیاری مضمون لے کر درجہ چھ تا ۱۲ تعلیم حاصل کر رہے ہے، سے مقررہ فارم پر وظیفہ کے لئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ انہیں طلباء وطالبات کے درخواست فارموں پر غور کیا جائے گا جنہوں نے اپنا گذشتہ سالانہ امتحان اردو مضمون کے ساتھ کم از کم ۵۰ فی صد نمبر اور مجموعی طور پر کم از کم ۴۵ فی صد نمبروں سے پاس کیا ہو۔ فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ ۳۱ راگست، ۲۰۲۳ء شام ۵ بجے تک ہے۔

درخواست فارم سکریٹری اترپردیش اردو اکادمی وبھوتی کھنڈ گومتی نگر لکھنؤ سے ٹکٹ لگا لفافہ جس پر نام و پتہ صاف صاف درج ہو، بھیج کر یا دفتری اوقات میں اکادمی سے مفت حاصل کیا جاسکتا ہے۔ فارم اکادمی کی ویب سائٹ www.upurduakademi.in سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ یہ وظیفہ اردو تعلیم کے فروغ کے لئے ہے اور میرٹ کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصولہ درخواست فارموں اور نامکمل فارموں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

یہ خبر ایس۔ ایم عادل حسن، سکریٹری اردو اکادمی نے دی ہے۔

خبر برائے اشاعت

Vibhuti Khand, Gomti Nagar, Lucknow-226 010
website : www.upurduakademi.org | e-mail : upurduakademi3@gmail.com
Phone : 0522 - 4022924